سلسلہ مطبوعات
31

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غیر مقلدین کے عقائد

از قلم

مولانا محمد انصر باجوہ دظلہ

شعبہ تحقیق و تصنیف

اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ راولپنڈی

اتحاد اہل سنت والجماعت پاکستان

تقریظ

خطیب اہلسنت والجماعت فاضل نوجوان حضرت مولانا محمد شفیق الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم

نائب امیر اتحاد اہلسنت والجماعت پنجاب

مدرس دارالعلوم فاروقیہ، ڈھمیال کیمپ، راولپنڈی

خطیب مرکزی جامع مسجد صدیق اکبرؓ گرجا روڈ، راولپنڈی

" آنحضرت ﷺ کا فرمان جسکا مفہوم یہ ہے کہ قرب قیامت میں فتنے اتنی شدت کے ساتھ آئیں گے جیسا کہ تسبیح کا دھاگہ ٹوٹ جانے سے دانے گرا کرتے ہیں گویا یہ کیفیت ہوگی کہ انسان صبح مسلمان ہوگا شام کو کافر شام مسلمان ہوگا صبح کافر۔ اگر ان فرمان مبارکہ پر ہم غور کریں تو اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ یقیناً ایسے ہی زمانے میں ہم جی رہے ہیں۔ ہر آئے دن نت نئے فتنے گلی کوچوں میں برساتی مینڈکوں کی طرح نکل کر دعوت گمراہی دیتے اور مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کو خراب کرنے کے درپے نظر آتے ہیں۔ اور اس پر ستم یہ کہ بغل میں چھری اور منہ سے رام رام کا مصداق یہ ملحدین اپنے گمراہ کن نظریات وعقائد کو قرآن وحدیث کے بارے میں پیش کرتے ہیں۔ تاکہ آسانی سے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کیا جاسکے۔

انہیں گمراہ فتنوں میں سے انگریز کا لگایا ہوا ایک خودساختہ پودا فتنہ غیر مقلدین (نام نہاد اہلحدیث) نامی فرقہ بھی ہے جو "لباسِ خضری میں راہزن" کا کردار ادا کرتے ہوئے امت کو سلف صالحین اور ائمہ مجتہدین سے بدظن اور اکابرین واساطین ملت کی تکفیر کے مشن پر عمل پیرا ہے۔ تاکہ امت کے اتحاد ویکجہتی کو پارہ پارہ کرکے انگریز کی سازشوں کو پروان چڑھا سکے آئے دن علمائے حقہ پر کیچڑ اچھالنا اور اُن فرشتہ صفت شخصیات پر کفر کے فتوے لگانا ان مدعیان قرآن وحدیث کا وظیرہ بن چکا ہے۔ مگر ان کا اصل روپ اور چہرہ کیا ہے۔۔۔؟ اور اس طبقے کے اپنے گمراہ کن نظریات وعقائد کیا ہیں؟ فاضل مؤلف، مناظر اسلام مولانا محمد انصر باجوہ حفظہ اللہ نے زیر نظر رسالہ میں نہایت اختصار کیساتھ اور جامع انداز میں ان کور چشموں کو آئینہ دکھانے کی کوشش کی ہے اور یہ دعوت دی ہے کہ

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت

دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

دعا ہے کہ اس کاوش کو ذات باری مسلمانوں کے لیے نافع اور گمراہوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

ابتدائیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الکریم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین امابعد .

برادران اہلسنت والجماعت! یہ بات تو اظہر من الشمس ہے کہ فرقہ غیر مقلدین کا ظہور برصغیر میں انگریز دور کی ایک یادگار ہے۔اس سے قبل اسلامی بارہ صدیوں میں پوری دنیا میں کہیں بھی اس فرقے کا نام ونشان نہیں پایا جاتا تھا۔جس کا ثبوت اصل کتابوں کے حوالہ سے آخر میں بغیر تبصرہ کے فوٹو دے دیا ہے۔قارئین خود غور فرمائیں۔چنانچہ ہمارے بار بار مطالبہ پر کہ اپنی تاریخ ثابت کروان بیچاروں پر مرگ کی سی کیفیت طاری ہے۔اور یہ لوگ زہر کا پیالہ تو پی لیں گے لیکن اپنی تاریخ ثابت کرنے کیلئے میدان میں نہیں آئیں گے۔چنانچہ ان لوگوں نے اپنے ظہور پذیر ہونے کے بعد ابتداء تو اہلسنت والجماعت سے رفع الیدین، قراءت خلف الامام، آمین، ٹانگیں چوڑی کرنا وغیرہ مسائل میں اختلاف کیا جس کا الحمد للہ احناف نے مثبت انداز سے بھرپور جواب دیا۔

لیکن ابھی چند سالوں سے یہ لوگ ان مسائل پر مسلسل ذلت آمیز شکستوں کے بعد اہلسنت والجماعت کے کشف اور کرامات کے واقعات کو عقائد کا نام دے کر عوام کو دھوکہ دینے کی کوشش کررہے ہیں۔کہ علماء دیوبند کے یہ عقائد ہیں۔جس کا واضح ثبوت مشہور غیر مقلد مسٹر طالب الرحمٰن کی کتاب دیوبندیت تاریخ وعقائد اور آیئے عقیدہ سیکھئے وغیرہ ہیں۔اس لیے ہم نے بطور نمونہ کے غیر مقلدین کے چند عقائد اور کشف وکرامات حتی الوسع انکی اصل کتب کے عکس کے ساتھ لکھی ہیں تا کہ کسی غیر مقلد کو انکار کی گنجائش نہ ہو۔اگر ضرورت محسوس ہوئی تو انشاء اللہ مزید بھی لکھیں گے۔ محمد ناصر باجوہ